# پردہ

<"xml encoding="UTF-8?>

پردہ

۱سوال: کیا عورتوں کے لیے اسکارف چادر سے باہر رکھنے میں کوئی حرج ہے؟
جواب: اس میں کوئی حرج نہیں ہے مگر بال نہیں دکھنے چاہئیں۔
۲سوال: میں نرس ہوں اور ایک ہاسپیٹل میں کام کرتی ہوں۔ نامحرم کا معائنہ اور اس کے بدن کا لمس کرنا شرعا کیا حکم رکھتا ہے؟
جواب: بغیر دستانے کے ہاتھ لگانا جایز نہیں ہے مگر یہ کہ دستانے کے ساتھ کام نہ ہو سکتا ہو یا بیمار کے علاج کے لیے ہاتھ لگانا ضروری ہو یا ایسی جگہ نگاہ کرنا ضروری ہو جہاں نگاہ کرنا جایز نہیں ہے،اور کوئی مرد جو یہ کر سکتا ہو موجود نہ ہو۔
۳سوال: میں ایک سترہ سالہ لڑکی ہوں، میری ماں نے ایک مرد سے شادی کر لی ہے اس کا ایک سالہ بیٹا بھی ہے؟ مجھے ان دونوں سے حجاب کا حکم بتائیے؟
جواب: آپ کا باپ آپ کے لیے محرم ہے مگر اس کا بیٹا نامحرم ہے۔
۴سوال: کیا میرے لیے اپنے تیرہ چودہ سالہ رشتہ دار لڑکوں سے پردہ کرنا ضروری ہے؟
جواب: جواب: عورت کیلئے لازم ہے چہرے اور ہاتھول کے علاوہ تمام بدن کو نا محرم سے چھپائے حتی بالوں کو بھی ، اور احتیاط لازم یہ ہے کہ ممیز لڑکے سے (جو اچھا برا سمچھتا ہے) بھی چھپائے، کیونکہ عورت کے بدن پر اس کی نگاہ اس کی شہوت بھڑکنے کا سبب بن سکتی ہے۔ ہاں عورت اپنے چہرے اور دونوں ہاتھ کو کھلا رکھ سکتی ہے اور اگر حرام میں پڑنے یا مردکو حرام نگاہ کی طرف مائل کرنے کے لیے ہو تو اس کا بھی چھپانا واجب ہے۔
۵سوال: کیا عورتوں کے سر چھپانے کے بارے میں معتبر آیت یا حدیث کا ذکر ہوا ہے؟ اس لیے کہ سورہ نور میں جو آیہ ہے وہ اس سے یہ واضح نہیں ہوتا۔
جواب: حکم شرعی پر استدلال اور شرعی دلیلوں(قرآن کریم و روایات و اجماع که جس سے معصوم علیہ السلام کی راے ثابت ہو اور عقل) سے حکم شرعی کو حاصل کرنا فقهاء اور مجتهد کا کام ہے، اور مکلف جب تک مجتہد نہ ہو ضروری ہے کہ اعلم کی تقلید کرئے کیونکہ صرف مجتہد اعلم کے فتووں پر عمل کرنا ہی روز قیامت خدا کے سامنے حجت ہے اور احکام شرعی کی دلیلوں کو سمجھنا عام لوگوں کے لئے دشوار بلکہ نا ممکن ہے بلکہ بعض اوقات صاحبان علم کے لیے بھی دشوار ہوتا ہے کیونکہ فقهی استدلال اور اجتهاد چند مختلف علوم پر انحصار رکھتا ہے .
اجتهاد اور حکم شرعی حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کے قرآن کی آیات ،روایات اور دوسرے علوم پر مکمل عبور اور آشنائی هونی چاہیے .
٦سوال: اگر حجاب کا مقصد عورت کی عفت و عصمت، سماج میں برائی کی روک تھام اور عورت کی طرف گناہ آلود نظر کا نہ پڑنا ہے تو اگر کوئی عورت ایسا سادہ لباس پہنے جو توجہ مبذول نہ کرے، عفت کا خیال کرے اور

جو مردوں کی شہوت کا سبب نہ ہو تو کیا پھر بھی اسکارف پہننا ضروری ہے کیوں؟
جواب: حجاب، عورت کا ایسے لباس سے جو زینت، عورت کی توہین اور لوگوں میں ھیجان کا سبب نہ ہو اور تمام بدن، زینت اور ان چیزوں کا چھپانا ہے، جو برائی پھیلانے کا سبب ہو سکتے ہیں۔ اور احکام کی اسباب و علل شریعت سے معلوم ہو سکتیں ہیں اور اس حکم کی علت ذکر نہیں ہوئی ہے۔
۷سوال: کس حد تک اپنی اولاد پر نماز اور حجاب کے لیے جبر کیا جا سکتا ہے؟
جواب: اگر بالغ ہوں تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا جا سکتا ہے اوراحتیاط واجب کی بناء پر حاکم شرع کی اجازت کے بغیر ان کو مارنا پیٹنا جایز نہیں ہے۔ ہاں ان کی مدد(مالی اور غیر مالی) کےذریعے سے بھی ان کو پابند کیا جا سکتا ہے۔
۸سوال: ایسی جگھوں پر جہاں پردہ نہ کرنا کسی کے گناہ میں پڑنے کا سبب نہ بنتا ہو کیا عورتوں کے لیے سر ڈھانکنا واجب ہے(جبکہ پورا بدن ڈھکا ہوا ہو) جیسے یورپ جہاں لوگوں میں پردے کی کوئی اہمیت نہیں ہے اور کسی عورت کا سر کھلا رہنے سے لوگوں پو کوئی اثر نہیں پڑتا مگر جیسا کہ قرآن مجید میں آیا یے کہ خود کو ظاہر نہ کریں اور مردوں کے لیے ھیجان کا سبب بنیں۔ ہاں قرآن کے بقول آپ حجاب کی وجہ سے دوسروں سے ممتاز ہو جائیں گی یعنی قرآن مسلمان عورت کے لیے ارزش کا قائل ہے؟
جواب: حجاب خواتین کے لیے ضروری اور واجب ہے اگر چہ ان کا بے حجاب ہونا کسی کے گناہ میں پڑنے کا سبب نہ بھی ہو۔
۹سوال: کیا مذہبی اور علماء کے گھرانوں کا حجاب دوسروں سے الگ ہے؟
جواب: شرعی اعتبار سے کوئی فرق نہیں ہے مگر گھرانوں کی روایات کا خیال رکھنا چاہیے۔
۱۰سوال: کیا ساس سسر بہو پر حجاب کے سلسلے میں شادی سے پہلے یا اس کے بعد زبردستی کر سکتے ہیں؟
جواب: انہیں کوئی حق نہیں ہے لیکن ایسی صورت میں شوہر اس کو گھر سے باہر نکلنے سے روک سکتا ہے۔
۱۱سوال: بغیر اسکارف اور کامل حجاب کے فوٹو لینا کیسا ہے؟ اور نگیٹیو سے فوٹو بنانے والے کا کیا حکم ہے؟
جواب: خود فوٹو کھنچوانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر وہ فوٹو والی کو نہیں پہچانتا ہو اور اس پر شہوت بھری نظر نہ ڈالتا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔
۱۲سوال: اگر نماز کی چادر کے پیچھے سے بدن کا سایہ ظاہر ہو رہا ہو تو کیسا ہے؟ عام طور سے چادر ایسی باریک ہوتی ہے کہ سایہ معلوم ہوتا ہے؟
جواب: بنا بر احتیاط واجب کافی نہیں ہے۔
۱۳سوال: کیا چہرے کا میکپ چھپانا جبکہ وہ ظاہر نہ ہو اور چہرہ طبیعی معلوم ہو رہا ہو، ضروری ہے؟
جواب: اگر زینت میں شمار نہ ہو تو اس کا چھپانا ضروری نہیں ہے۔
۱۴سوال: کیا ائمہ، خاص کر امام زمان سے توسل اور راز و نیاز کے وقت حجاب کی رعایت ضروری ہے؟
جواب: اگر نامحرم نہ ہو تو ضروری نہیں ہے۔
۱۵سوال: کیا عورت اپنے مصنوعی بال نا محرم کو دکھا سکتی ہے؟
جواب: اگر زینت میں شمار ہو تو اس کا چھپانا ضروری ہے۔
۱٦سوال: عورت ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں کوئی نامحرم نہ ہو کیا تب بھی حجاب ضروری ہے؟
جواب: نماز کے وقت حجاب ضروری ہے اگرچہ کوئی نا محرم نہ بھی ہو۔
۱۷سوال: کیا عورتوں کے لیے ڈرائوینگ کرنا جایز ہے؟

جواب: اگر کسی حرام کام سبب نہ بنے تو بذات خود جایز ہے۔
۱۸سوال: کس حد تک چہرہ کھلا رکھنا جایز ہے؟ اور ٹھڈی تک ایسا کالا مقنعہ پہننا جو چہرےکو بھؤں تک چھپائے اور کالا ڈھیلا مانتو اور پینٹ پہننا پردے کے لیے کافی ہے؟ اور اگر مقنعہ یا مانتو رنگین ہو تو کیا حکم ہے؟
جواب: حجاب کے لیے بدن اور بالوں کا چھپانا ایسے کہ زینت شمار نہ ہو کافی ہے اور بدن کے نشیب و فراز ظاہر نہ ہوں، چہرہ اور بھؤں چھپانا ضروری نہیں ہے ٹھڈی اور اس کے نیچے کا حصہ جو عام طور پر ڈھکا نہیں جاتا ہے اس کا ڈھانکنا ضروری نہیں ہے، اسی طرح چہرےکا میکپ جیسے بھنویں بنوانا، اس کا چھپانا ضروری نہیں ہے،البتہ وہ زینت میں شمار نہ ہو۔
۱۹سوال: یونیورسٹی کی کلاس میں لڑکی اور لڑکے کا ایک ساتھ بیٹھنا کیسا ہے؟
جواب: شرعی حدود کی رعایت کے ساتھ کوئی حرج نہیں ہے۔
۲۰سوال: ٹھیک سے پردہ نہ کرنے والی مسلمان عورت کی طرف دیکھنے یا اس سے بات کرنے کا کیا حکم ہے؟
جواب: اگر شہوت کی نگاہ پڑنے یا حرام میں پڑنے کا خوف ہو تو جایز نہیں ہے۔
۲۱سوال: کسی مرد کا با حجاب خواتین میں پڑھانا یا تقریر کرنا کیسا ہے؟
جواب: کوئی حرج نہیں ہے۔
۲۲سوال: کیا والدین کو حق ہے کہ وہ لڑکیوں کو حجاب کے لیے زبردستی کریں؟
جواب: ان کو حق ہے لیکن مار پیٹ کے ساتھ نہیں بلکہ سمجھا بچھا کر۔
۲۳سوال: کیا یہ صحیح ہے کہ کافر عورت کے بال دیکھنا جایز ہے؟
جواب: بغیر شہوت یا گناہ میں پڑنے کے خوف کے بغیر دیکھنے کوئی حرج نہیں ہے۔
۲۴سوال: اس بات کے مد نظر کے عورتوں کے لیے پیر کا اوپری حصہ نا محرم سے چپھانا واجب ہے۔ کیا نماز میں بھی ٹخنے سے نیچے کا حصہ چھپانا چاہیے؟
جواب: اگر کوئی نا محرم نہیں دیکھ رہا ہے تو نماز میں اس کا چپھانا ضروری نہیں ہے۔
۲۵سوال: کیا دوستوں کی پارٹی میں بے پردہ بغیر اسکارف کے فوٹو کھنچوانے میں کوئی حرج ہے جبکہ وہ وعدہ کریں کہ یہ فوٹو کسی نامحرم کو نہیں دکھائی جائیں گی۔ اگر بعد میں وہ کسی کو دکھاتے ہیں تو وہ گناہ کس کے ذمے ہے؟ اور دوستوں کی بات پر اعتماد پر ان کا کیا وظیفہ ہے؟
جواب: ایسی موقعوں پر خود فوٹو کھنچوانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور نامحرم کو دکھانے کے ذمے دار دکھانے والے ہیں۔
۲۶سوال: کیا ایک جوان عورت کے لیے نایلون کا ایسا موزہ پہننا صحیح ہے جس سے پیر کی پنڈلیاں خوب صورت دکھائی دیتی ہیں؟
جواب: اس طرح کے موزے پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر اس کا شمار زینت میں ہو تو اسے نا محرم سے چھپانا چاہیے۔
۲۷سوال: کیا خوبصورتی اور عورتوں کی مخصوص محفل میں ان کی توجہ کی غرض سے،تا کہ شادی کے لیے کوئی پسند کر لے، سر پر ویگ لگانا جایز ہے؟
جواب: اگر صرف آرایش کی نیت سے ہو اور شادی کے لیے فریب کاری اور عیب پوشی کے لیے نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

۲۸سوال: کسی مومنہ کا کھلے چہرے کے ساتھ کسی نامحرم سے ہنس کر باتیں کرنا کیسا ہے؟

جواب: اگر مہیج نہ ہو اور مخاطب کوگناہ میں ڈالنے کے قصد سے نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

۲۹سوال: کیا کسی عورت کا بیوٹی پالر میں کام کرنا جایز ہے؟

جواب: بذات خود کوئی حرج نہیں ہے۔